ایک بل

بمراد اس امر کے کہ مختلف اقسام کے اناج کے بیجوں کے معیار میں باقاعدگی اور کنٹرول کرنے کی غرض سے ۔

ہر گا ہ کہ یہ امر قرین مصلحت ہے کہ مختلف اقسام کے اناج ،پھل دار درختوں کے بیجوں اور اس سے متعلقہ معا ملات کے معیا ر میں با قاعدگی اور کنٹرول میں لانا۔

لہٰذا مندرجہ ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے ۔

1_ **مختصر عنوان ،وسعت و آغاز**: (1) جائز ہے کہ ایکٹ ہذاکوخیبر پختونخوا بیج ایکٹ 2014ءکے نام سے موسوم کیا جائے ۔

(2) یہ تمام صوبہ خیبر پختونخوا پر وسعت پذیر ہو گا

(3) یہ فی الفور نافذالعمل ہو گا ۔

2_ **تعاریف**: ایکٹ ہذا میں تا وقتیکہ عنوان یا متن میں کوئی امر منافی نہ ہو ،

(الف) "منظور شدہ لیبا رٹری" سے پبلک یا پرائیو یٹ سیکٹر میں قائم بیجوں کے ٹسٹ کرنے کے لئے لیبارٹری جسے مخصوص ایجنسی نے منظور کیا ہو مراد ہے ،

(ب) "ایجنسی " سے دفعہ4کے تحت بنائی گئی بیجوں کی رجسٹریشن اور تصدیقی ایجنسی مراد ہے ،

(ج) "منظور شدہ بیج" سے ایجنسی کی جانب سے منظور شدہ بیج مراد ہے ،

(د) "بنیادی بیج" سے پبلک یا پرائیویٹ سیکٹر کی تنظیموں کی بدولت تیار کی گئی اور ایجنسی کی جانب سے تصدیق شدہ بیج مراد ہے ،

(ہ) "تصدیق شدہ بیج " سے ایجنسی کی جانب سے تصدیق شدہ بیج مراد ہے ،

(و) "کونسل" سے دفعہ 3کے تحت قائم شدہ بیجوں کی تصدیق شدہ کونسل مراد ہے ،

(ز) "محکمہ" سے خیبر پختونخوا کی زراعت ،مویشیوں کا تعاونی محکمہ اور محکمہ کارپوریشن مراد ہے ،

(ح) "جنیاتی تبدیل شدہ اقسام " سے جنیا تی انجینئرننگ کی وجہ سے پودوں کی اقسام کی اگائی بشمول molecular techniques ،پیوند کاری یا جینز کی منتقلی یا جنیاتی مواد کے کوئی حصے کی تبدیلی اور بشمول موروثی اقسام میں (DNA) techniques کے ذریعے جینز کی منتقلی یا جنیاتی مواد کا کوئی حصہ،پودوں کی اقسام وہ پودے جو جنیاتی تبدیل شدہ حیا تیات (GMO)کی کراسنگ سے حاصل کئے جاتے ہیں مراد ہے ،

(ط) "حکومت " سے خیبر پختو نخوا کی حکومت مراد ہے،

(ی) "جڑی بوٹیوں کی نرسری " سے ایسی بنیادیں یا زمین ہے کہ جن پر نرسری کے پودوں کو اگایا جائے اور ان کی نشو نما کی جائے جو کہ فروخت اور دوبارہ فروخت کئے جائیں مراد ہے ،

(ک) " hybrid بیج " سے وہ بیج جو کہ مختلف یا دو خالص النسل کے تعلق اور ایکسچنج سے بنایا جائے مراد ہے ،

(ل) "غلط لیبل والے بیج " سے وہ بیج ہے جو کہ :

(1) ایسا بیج جو دوسرے پودے یا بیج کے بلکل ایک جیسا ہو اسے پہچانے میں دھو کہ کھایا جاسکے اور وہ دوسرے پودے ،جن سے بنا ہو اور دیکھنے میں مختلف نہ ہو ۔

(2) یہ غلط کہا گیا ہو کہ یہ کسی اور جگہ یا ملک کی پیدوار ہے،

(3) اس کو اسی نام سے بیجا جا تا ہے جو دوسرے اقسام کے پودوں کی بیج سے متعلق ہو ۔

(4) اس کے لیبل پر مختلف دعوے کئے جاتے ہو یا بصورت دیگر ،

(5) جب بیج کا لیبل بنایا جائے تو اس پر اس کے اجزاء کو ظاہر نہ لکھا جائے جوشخص بیج کا کاروبار کرے اسے نہیں چاہیے کہ بیج کے لیبل پر تمام تفصیلات یا اجزاء کی تفصیل مکمل لکھے ایکٹ ہذا کے مطابق صرف وہی لکھے جو کچھ لکھنا ہے،
(6) کوئی بھی ایسا بیج جس کے پیکج پر غلط تفصیل لکھی گئی ہو مثلاً جو اجزاء شامل نہیں وہ لکھے ہو یا جس کے اجزاء اور نام کے درمیان میں اختلاف پایا جاتا ہو،
(7) جو ایکٹ ہذا کی ضرورت کو مد نظر رکھتے ہوئے رجسٹرڈ نہ کی گئی ہو،
(8) اس کے لیبل پر کوئی ایسا رجسٹریشن نمبر کا حوالہ ہو جو کہ اس کے رجسٹریشن نمبر کے علاوہ کوئی اور ہو ،
(9) اس کے لیبل میں کوئی احتیاط نہ دی گئی ہو جو کہ ضروری ہو اور کافی ہونی چاہیے تا کہ انسانوں ،جانوروں ،صحت،ماحول اور دوسرے حوالوں سے ضروری ہو ،
(10) پیکج یا پیکج پر دئیے گئے لیبل پر ڈیلر کی جانب سے پودوں کی اقسام خیالی فر د یا کمپنی کے نام پر تحریر ہو ،یا
(11) ایکٹ ہذا کی ضروریات یا اس کے تحت بنائے گئے قواعد کی رو سے لیبل نہیں کیا گیا ہو ،
(م) "منظور اقسام یا نوع " سے ایکٹ ہذا کی دفعہ 5کے تحت منظور شدہ اقسام یا نوع مراد ہے،
(ن) "فرد" سے کسی دیگر ادارے اشتراکی سوسائٹی ،کارپوریشن ،پبلک یا پرائیویٹ لمیٹیڈ کمپنی ،گروپ،سوسائٹی ،اشتراک،فرم یا تنظیم کے افراد مرادہے
(س) "post.control " سے ہدایت شدہ طریقہ کارکے مطابق بیج کی چیکنگ ان کے پرنٹ دیکھنا ،اجزاء دیکھنا ،ان کی انسانی اور ماحول پر اثرا ت دیکھنا ،
(ع) "پری بیسک بیج " سے پودے اگانے والوں کی جانب سے پیدا کردہ اعلی جنیاتی اور معیاری بیج مراد ہے ،
(ف) "بیان کردہ " سے ایکٹ ہذا کے تحت بنائے گئے بیان کردہ قواعد مراد ہے،
(ص) "صوبہ " سے صوبہ خیبر پختونخوا مراد ہے ،
(ق) "تصدیق شدہ بیج کے اگانے والا " سے ایکٹ ہذا کے تحت بیج اگانے والا فرد یا گروپ مراد ہے ،
(ر) "رجسٹرڈقسم" سے ایکٹ ہذا کی دفعہ 4کے تحت ایجنسی کی جانب سے رجسٹرڈ قسم مراد ہے ،
(ش) "جاری کردہ قسم" سے خیبر پختو نخوا بیج کونسل کی جانب سے منظور شدہ اور خیبر پختو نخوا میں رجسٹرڈ قسم مراد ہے ،
(ت) "قواعد" سے ایکٹ ہذا کے تحت بنائے گئے قواعد مراد ہیں،
(ث): بیج" سے کسی تولیدی یا نمو پذیر مواد کو مشتہر(بشمول لیکن جو لا محدود ہیں،پنیری،گنٹھا،پیاز وغیرہ کی ،جڑیں،تراشی ہوئی شاخیں،تمام قسم کی قلمیں)پودوں کی اور فصلوں کی (بشمول لیکن جو لا محدود ہیں،فائبر،خوارک،اور چارہ)سبزیوں کی فصلیں،پھل،ہربل ادویات،پھول ،چھوٹی جھاڑیاں،دیگر پودوں کی اقسام اور مشروم سپان جو بیج بونے یا دوسری قسم کے انواع کے پودے جو حکومت کی جانب سے مجوزہ ہوں ،لگانا مرادہے ،
(خ) "بیجوں کا تجزیہ کار " سے دفعہ 10کے تحت تعینات شدہ بیج کا تجزیہ کار مراد ہے ،
(ذ) "بیجونکا سند یافتہ آفیسر " سے دفعہ 11کے تحت تعینات شدہ بیج کا سند یافتہ افسر مراد ہے،

(ض) "بیجوں کا انسپکٹر " سے دفعہ 12کے تحت تعینات شدہ بیج افسرمراد ہے،
(الف الف) "انواع" سے پودوں کا وہ گروپ جن کی مزید افزائش نسل ہو سکے یعنی نر اور مادہ دونوں قسم کے پودوں کو جنم دے سکے اور ان تمام پودوں سے الگ ہو جن کی مزید افزائش نسل نہ ہو سکے ،
(ب ب) "قسم " سے پودوں کا ایک گروپ جوکہ مختلف انواع سے تعلق رکھتا ہو اور فصل کے مقصد کیلئے ظاہری اور اندرونی طور پر وہ دوسرے پودوں سے مختلف ہو لیکن دوسرے پودوں کے ساتھ بھی وہ اختلاط کر سکے۔

3۔ **بیج سر ٹیفیکیشن کونسل کا قیام ،فرائض اور آئین**: (1) حکومت ایکٹ ہذا کے آغاز کے فوراً بعد سر کاری گزٹ میں اعلامیئے کے ذریعے بیج سر ٹیفیکیشن کونسل قائم اور تشکیل دے گی جو کہ ایک چیئر پرسن اور مجوزہ ارکان پر مشتمل ہو گی۔
(2) کونسل کے مندرجہ ذیل فرائض ہونگے ہیں
(الف) بیج انڈسٹریز کے قیام کےلئے مشاورت کر نا ،پالیسی ترتیب دینا اور اسے ترقی دینا ،
(ب) ایکٹ ہذا کی تشریحات کے لاگو کرنے کو یقینی بنانا،
(ج) بیج کوالٹی کنٹرول سروس کو ہدایات دینا ،
(د) بیج پروجیکٹ شروع کرنے کی ہدایات دینا،
(ہ) بیج انڈسٹری میں سر مایہ کاری کی حفاظت کو یقینی بنانا،
(و) بیجوں کے معیار کی منظوری اور اجازت دینا،
(ز) دوسرے صوبوں سے بیجوں کی نقل وحمل کو یقینی بنانا،
(ح) بیجوں کی درآمد پر حکومت کو سفارش کرنا،
(ط) منظور شدہ اقسام کے بیجوں کی ترسیل اور اشتراکی بڑھوتری کرنا ،
(ی) جنیاتی طاقت کی دیکھ بھال کے لئے مدد کرنا اور تیار کرنا ،

4۔ **رجسٹریشن ایجنسی اور بیج سرٹیفیکیشن کا قیام ،فرائض اور آئین**: (1) حکو مت ایکٹ ہذا کے آغاز کے فوراً بعد سر کاری گزٹ میں اعلامیئے کے ذریعے رجسٹریشن ایجنسی اور بیج سر ٹیفیکیشن کو قائم اور تشکیل دے گی ،ایجنسی چیئر پرسن اور دیگر مجوزہ ارکان پر مشتمل ہو گی ۔
(2) ایجنسی مندرجہ ذیل فرائض سر انجام دے گی ہیں
(الف) تجویز کردہ معیار کے مطابق بیج کی کوالٹی کو کنٹرول اور لاگو کرنا ،
(ب) بیج کے کاشکاروں کو رجسٹرڈ کرنا اسی طرح سے اور ان پر تجویز شدہ حالات ظاہر کرنا ،
(ج) بیج کی تصدیق کرنا ،
(د) ان رجسٹرڈ شدہ اور تصدیق شدہ ورائیٹوں کا کھیت میں معائنہ کرنا جنہیں بنیادی بیج تصدیق شدہ کے طور پر فروخت کرنے کا ارادہ ہو ،
(ہ) بیج کے لاٹ کے نمونہ کاری اور معائنہ کاری کرنا تاکہ ان کی صفائی ،یکسوئی ،کوالٹی ،پیداوار اور تمام اچھے اگاؤ والے خصوصیات کو فروغ ملے اور ان کی فروخت یقینی ہو ،
(و) ایک خاص قسم والے بیج کو سر ٹیفیکیٹ جاری کرنا جو تجویز شدہ معیار کے مطابق ہو ،
(ز) کنٹرول کے بعد والے ٹرائلز کرنا،
(ح) بیج لاٹ کا معائنہ کرنا اور نمونہ سازی کرنا جنہیں پروسسیسنگ پلانٹ کو دیا گیا ہو تا کہ ان کی فروخت کے لئے بنیادی وجہ فراہم کرے ،

(ط) بیج کے کاروبار سے جڑے ہوئے افراد کے لئے تربیتی کورسز ترتیب دینا ،
(ی) بیج کونسل کو اس کے کام کی نوعیت کے مطابق تکنیکی اور ماہرانہ تجاویز دینا،
(ک) رجسٹریشن کے پہلے کی ورائٹی کی جا نچ پڑتا ل کرنا جو سرکاری اور غیر سرکاری ہو اور جنہیں بوجہ ،۔
(1) زرعی خصوصیات کا معلوم کر نا اور ایک ماہر سب کمیٹی پر ان کے ریجن کے مطابق موافقت اور بطور فعل کے ورائٹی تجزیہ کرنا تا کہ خاص نباتیاتی معلومات حاصل ہوں ،اور
(2) جنیاتی استحکام اور ورائیٹوں کے مطابقت کے بارے میں معلومات فراہم کر نا
(ل) رجسٹریشن سے پہلے چیک شدہ ورائیٹوں کو رجسٹرڈ کرنا،
(م) رجسٹر شدہ پودوں کی ورائیٹوں کی لسٹ کو چھا پنا،
(ن) خالص بیچ کے اسٹاک کو یقینی بنانے کے لئے طریقہ کار تجویز کرنا اور بیج سائنس اور ٹیکنالوجی میں تحقیق کرنا،
(س) وہ سارے کام کرنا جو بیج کے اعتماد میں ہو ،
5_ **ورائیٹی اور بیجوں کے انواع کی نشاندہی کا اختیار**: حکمومت دفتری گزٹ میں اعلامیئے کے ذریعے واضع کر سکتی ہے :
(الف) منظور شدہ ورائیٹوں یا بیجوں کے انواع کو صوبے میں پیدا وار کے لئے منظوری دینا ،
(ب) اگاؤ اور شفافیت کے کم از کم معیار کو جن کے مطابق بیج مشا بہہ ہو ،
(ج) نشان اور لیبل جو واضح کر تا ہو کہ یہ بیج اگاؤ اور شفافیت کے کم از کم معیار سے مشابہت رکھتا ہے ،
6_ **بیجوں کے متعین شدہ ورائٹیز اور انواع کی فروخت کو باضابطہ بنانا**: (1) کوئی بھی فرد کسی بھی غیر اعلان کردہ ورائیٹی یا انواع کی فروخت یا فروخت کی پیشکش اور اسٹاک برائے فروخت کی نمائش یا سپلائی نہیں کرے گا ۔
(2) کوئی بھی فرد کسی بھی اعلان کردہ ورائیٹی یا انواع کی فروخت یا فروخت کی پیشکش اور اسٹاک برائے فروخت کی نمائش یا سپلائی نہیں کرے گا،جب تک کہ
(الف) ایسے بیج کو اس کی ورائٹی یا انواع کے مطابق پہچانا جا سکتا ہو ،
(ب) ایسے بیج دفعہ 5 کے تحت کم از کم اگاؤ شفا فیت کے معیار کے زمرے میں آتا ہو ،
(ج) ایسے بیج والے کنٹینر پر مہیا شدہ مارک اور لیبل مجوزہ طریقہ کار کے مطابق خصوصیات درج ہو ،اور
(د) تمام دیگر ایسی مجوزہ ضروریات کو ترتیب دینا ۔
(3) کوئی بھی فرد حکومت کی طرف سے پابند شدہ ورائیٹوں کی فروخت ،تشہیر اور سٹاک نہیں رکھ سکے گا ۔
7_ **سند کی منسوخی**: اگر کسی بھی وقت سر ٹیفیکیشن ایجنسی کو یقین ہو جائے اور حوالہ دیا جائے اس زمرے میں یا بصورت دیگر کہ ۔
(الف) سرٹیفیکیٹ کو کسی دباؤ یا غیر اصلی حالت کے مطابق حاصل کیا گیا ہو ،یا
(ب) سر ٹیفیکیٹ کا حاصل بغیر کسی خاص وجہ سے مطابقت رکھنے میں ناکام ہو گیا ہے جن کے مطابق سرٹیفیکیٹ دیا گیا یا ایکٹ ہذا یا قواعد کی تشریحات کے منافی ہے تو سماعت کے بغیر جو ایکٹ ہذا کے تحت سرٹیفیکیٹ رکھنے کا حقدار ہے کو دیگر سزا یا ایجنسی سرٹیفیکیٹ رکھنے والے فر دکو شوکاز یا سرٹیفیکیٹ منسوخ کر سکے گا۔

8_ **اپیل** : (1) کوئی بھی شخص دفعہ 9کےتحت ایجنسی کے فیصلے کی وجہ سے متاثرہ ہو اور جو اپنے سر ٹیفیکیٹ کو منسوخ کروانا چا ہتا ہو تو اسے چاہیے کہ جس دن سے اسے سرٹیفیکیٹ ملا ہو تو تیس دنوں کے اندر اندا اپنی فیس کے ساتھ حکومت کو اپیل کرے ۔
(2) ذیلی دفعہ1کے تحت ایک اپیل کی موصولی پر اپلیٹ اتھارٹی شکایت کو سماعت کا موقع سننے کے بعد اپیل کو پندرہ دنوں کے اندر اندر خارج کرے گا اور ایسا فیصلہ ختمی ہو گا ۔

9_ **بیجوں کا تجزیہ کار** : ایجنسی بیج کے تجارتی کاشت سے پہلے ،بیج فارموں میں تیار ،بیج کے معیار اور پاکیزگی ٹسٹ کرنے کے لئے ایک بیج کے ایک تجزیہ کار کی تعیناتی کرے گی بشرطیکہ وہ اس قابلیت کا حامل ہو ۔

10_ **بیج سرٹیفیکیشن آفیسر**: (1) ایجنسی نوٹیفیکیشن کے تحت اس طرح کے علاقے کے لئے بیج سرٹیفیکیشن آفیسر بننے کی تجویز کردہ اہلیت کے ساتھ ایک ایسے شخص کو تعینات کرے گا ۔
(2) بیج سر ٹیفیکیشن آفیسر وہی فرائض سر انجام دے گا جو بیج انسپکٹر کو تفویض ہےاور انسپکٹر کے کاموں کی نگرانی کرے گا

11_ **بیج انسپکٹر**: نوٹیفیکیشن کے ذریعے ایسے علاقوں کے لئے جن کے لئے بیج انسپکٹر ہونا ضروری ہو تو ایجنسی بیج انسپکٹر سر کاری کزٹ میں اعلامیئے کے ذریعے تعینات کر سکے گا ۔

12_ **بیج انسپکٹر کے اختیارت**: (1) ایک بیج انسپکٹر اپنی حدود کے اندر جس کے لئے ان کی تعیناتی کی گئی ہے ۔معائنے کے لئے کسی بھی شخص کی جانب سے پیداواری بیج سے مختلف قسم یا انواع کے نمونے، لیبل لگے کنٹینر سے حاصل کر سکے گا ،اور کسی بھی شخص کی جانب سے فروخت ،فراہمی ،ذخیرہ یا بیج کی تقسیم اور تر سیل قر یبی مجاز لیبارٹری کو تجزیہ کے لئے بھیج سکے گا ۔
(2) بیج انسپکٹر کر سکے گا ۔
(الف ) بیج انسپکٹر کسی بھی وقت قانون نافذکرنے والی ایجنسی یا ضلعی انتظامیہ کی مدد سے اگر ضروری سمجھے کسی جگہ میں ایکٹ ہذا کے تحت ٹھوس ثبوت کے ساتھ کہ جہاں جرم ہوا ہے یا ہو چکا ہے میں داخل اور معائنہ کر سکے گا اور تحریری طور پر حکم دے گا جس فرد کے پاس رکھا گیا مواد جرم کے متعلق اگر کسی بیج کی موجودگی ہو آیا ایسے بیجوں کو مخصوص عرصہ جو تیس دنوں سے زیادہ نہ ہو کو تلف نہیں کرنا اور ایسے بیج کا ذخیرہ رکھنے والا ایسے جرم میں ملوث ایسے نقص کو رفع نہیں کرتا تو ایسے بیج کے ذخیرہ کو بہ حق سر کار انسپکٹر ضبط کر سکے گا ۔
(ب) شق (الف)میں مندرج کسی جگہ میں پایا گیا مواد،دیگر اشیاء،دستاویز،رجسٹر،یا کسی ریکارڈ کی معائنہ کاری سے اگر اس بات کا یقین ہو کہ ایکٹ ہذا کے تحت اس سے قابل سزا کسی جرم کاکمیشن کو کوئی ثبوت فراہم ہو سکتا ہے تو بحق سر کار ضبط ہو سکے گا ۔
(ج) ایکٹ ہذا یا اس کے تحت بنائے گئے قاعدے کے مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے ایسے ضروری اختیارات استعمال کر سکے گا ۔
(3) اگر ذیلی دفعہ (1)کے تحت کسی متعین شدہ ورائٹی یا انواع کے کسی بیج کا کوئی نمونہ حاصل کیا گیا ہو تو اس کی قیمت مارکیٹ میں بیجنے والا ایسےبیج کا تخمینہ لگا کر اس شخص کو ادا کرے گا جس شخص سے یہ حاصل کیا گیا ہے ۔

(4) دفعہ ہذا میں تفویض کردہ اختیار کسی قفل شدہ کنٹینر جس میں متعین شدہ ورائیٹی یا انواع کے بیج رکھے گئے ہوں تو قفل زنی کا اختیار اور فروخت کی غرض سے ایسے بیج جس احاطے میں رکھے گئے ہوں تو اس احاطے کا دروازہ توڑنے کا اختیار بھی شامل ہے۔
اس فراہمی کے ساتھ کہ مالک یا احاطے میں رہنے والے کسی دیگر شخص کی موجودگی میں دروازہ توڑنے کا اختیار ہو گا اگر جو شخص اس احاطے میں موجود ہے اور دروازہ کھولنے سے انکاری ہو تو اسے دروازہ توڑنے کا اختیار ہو گا۔

(5) جہاں بیج انسپکٹر ذیلی دفعہ (1)، کے تحت اگر کوئی اقدام لے ،تو جہاں تک ممکن ہو کم از کم مقامی دو افراد کی موجودگی کو اس وقت ممکن بنائے اور جب ایسا اقدام کر لے تو مجوزہ فارم اور طریقے سے تیار کردہ روز نامچے پر ان کے دستخط ثبت کروائے ۔

(6) کوڈ اف کریمینل پروسیجر(ایکٹ نمبر5،1898)کی تشریحات جہاں تک ممکن ہوں دفعہ ہذا کے بنائے گئے ضبطگی یا کسی اشیاء کی معائنہ کاری کرنے پر لاگو ہونگے جیسا کہ مذکورہ کوڈ کی دفعہ 98 کے تحت اتھارٹی کی جانب سے جاری ضبطگی یا کسی اشیاءکی معا ئنہ کاری کر نے پر لاگو ہیں ۔

13_ **بیج انسپکٹر کے طریقہ کار کی پیروی** : (1) جب کبھی ایک بیج انسپکٹر کسی فصل کی متعین شدہ ورائیٹی یا انواع کے بیجوں کا ایک نمونہ تجزیہ کے لئے حاصل کرتا ہے،تو وہ کرے گا ۔

(الف) کہ وہ اس شخص کو اپنے ارادے سے تحریری طور سے اگاہ کرے جس شخص سے وہ نمونہ حاصل کرنا چاہتا ہے ،

(ب) قواعد میں فراہم کردہ خصوصی کیسسز کے علاوہ ،مجوزہ طریقہ کار سے تین نمائندہ نمونے اور ان نمو نوں پر نشان اور سیل کرنا یا ان کو ایسے باند ھنا جیسے مناسب ہو ،

(2) جب بیج انسپکٹر ذیلی دفعہ (1)کےتحت متعین شدہ ورائٹی یا انواع کے کسی بیج کا نمونہ حاصل کر تا ہے تو وہ کرے گا ۔

(الف) پہلا نمونہ مجوزہ طریقہ کار سے جہاں سے یہ نمونہ حاصل کردہ ہے اس علاقے کے بیج ٹسٹینگ لیبارٹری کو بھیجے گا ،

(ب) دوسرا نمونہ ریفرنس لیبارٹری کو بھیج دیں،اور

(ج) تیسرا نمونہ کسی بھی متنازعے کیس کی صورت میں حکومت کی جانب سے نامزد کردہ دفاتر کو بھیجے گا ،اور عرصہ تین مہینوں کے لئے انہیں اپنے پاس رکھے گا اور اس کے بعد انہیں تلف کر دے گا ،

(3) جب ایک بیج انسپکٹر دفعہ 12کی ذیلی دفعہ (2)کی شق (الف)کے تحت ایک حکم جاری کرتا ہے ۔

(الف) تو وہ تمام حاصل کردہ نمونوں کو بھیجے گا کہ آیا بیج دفعہ (5)کے تحت دئیے گئے تعین شدہ کی خلاف ورزی کے زمرے میں آتا ہے یا نہیں ،اور اگر لیبارٹری رپورٹ کے ذریعے یہ ظاہر ہو کہ بیج خلاف ورزی کے زمرے میں نہیں آتا تو مذ کورہ شق کے تحت یا جیسی بھی صورت ہو تو جو حکم صادر کیا گیا ہے اسے ختم کرے گا اور سیز کئے گئے بیج کےذخیرےکو واپس کرنے کے لئے ضروری اقدام اٹھائے گا ،

(ب) اگر شق ہذا کے تحت سیز شدہ بیج کا سٹاک مذکورہ بالا تعین شدہ قسم کا نہ ہو تو وہ جتنا جلد ممکن ہو ، اور حراست میں لینے کا حکم صادر کرنے کے لئے میجسٹریٹ کو معاملے کی رپورٹ کریگا ،اور

(ج) ادارے میں تعصب کے بغیر کسی مقدمے کے کہ اگر کیا گیا جرم ایسا ہے کہ بیج رکھنے والا فرد نقص دور کر دے تو وہ اگر مطمئن ہو کہ نقص دور کیا جا چکا ہے تو مذکورہ شق کے تحت صادر کئے گئے حکم کو فی الفور ختم کریگا

(4) جب ایک بیج انسپکٹر دفعہ 14،کی ذیلی دفعہ (2)کی شق (ب) کی تحت کوئی ریکارڈ ،رجسٹر،دستاویزات یا کوئی شئے سیز کرتا ہے تو وہ جلد از جلد حراست میں لینے کا حکم صادر کرنے کے لئے میجسٹریٹ کو معاملے کی رپورٹ کرے گا ۔

14_ **بیج ٹسٹنگ لیبارٹری کی رپورٹ**: (1) دفعہ 15 کے تحت بیج ٹسٹنگ لیبارٹری نمونے حاصل کرنے کےبعد جلد از جلد نمونے کا تجزیہ اور مجوزہ طریقہ کار سے تجزیئے کے نتیجے کی رپورٹ کی ایک کاپی بیج انسپکٹر کو ارسال کرے گا اور انسپکٹر حاصل کرنے کے بعد رپورٹ کی ایک کاپی اس فرد کو جس سے یہ مواد حاصل کیا گیا ہے کو مہیا کرے گا ۔

(2) بیج کے تجزیہ کار مجوزہ طریقے پر تحریری رپورٹ میں ایکٹ ہذا کے تحت کاروائی ،مقدمہ یا کوئی انکوئری نہیں ہو گی جب تک کہ مخالف پر ثابت یا اس پر لگائے گئے الزمات کے لئے ثبوت کافی نہ ہو۔

(3) ایکٹ ہذا کے تحت جب ایک فرد ملزم قرار پایا ہو تو عدالت ،اگر انصاف کے تناظر میں ضروری خیال کرے اور ملزم بیان کردہ سکیل کے مطابق رقم عدالت میں جمع کرے اور جرم میں ملوث وہ فرد جو ملزم ہے سے متعلق بیج کا تجزیہ کار گواہ ہو جائے ۔اور اگر ایسا شخص بری ہو جائے تو ایسی جمع شدہ رقم اس کو واپس کر دی جائے گی ۔

15_ **پودو ں کے اقسام کی رجسٹریشن**: (1) پودوں کے اقسام کی رجسٹریشن کے لئے ایک درخواست مجوزہ معلومات اور فیس کی ادائیگی کے ساتھ جمع کی جائے گی ۔

(2) ایجنسی پودے کی قسم رجسٹر یا رجسٹر ہونے سے انکار کر سکے گا ہ

(3) درآمد کننده کی جانب سے فراہم کردہ مختلف کوششوں کے نتیجے کی بنیاد پر عام طور پر کھتی باڑی کے لئے پودوں کےاقسام کی درآمدگی ایجنسی بیج کونسل کی ذیلی کمیٹی کی ماہر ین کی سفارشات پر رجسٹرڈ کرے گی ۔

(4) اقسام/ہائبرڈ بشمول جنیاتی طور پر ترمیم شدہ اقسام /ہائبرڈ ایکٹ ہذا کےتحت رجسٹرڈ ہو گا اور مذکورہ اقسام/ہائبرڈ اس شخص سے تعلق رکھنے والے کے نام رجسٹرڈ ہو گا اور رجسٹرڈ شدہ اقسام/ہائبرڈ کی فروخت اور تصدیق صرف مالک یا اس کے لائسنس سے ہو گا ۔

(5) پودوں کی اقسام کی رجسٹریشن کے بعد کسی بھی وقت اگر ایجنسی مطمئن ہو آیا اس کے توسط سے بنائے گئے ریفرنس پر یا بصورت دیگر کہ دیا گیا رجسٹریشن غلط طریقے یا دباؤ سے رجسٹریشن لوازمات کے لئے ضروری اقدامات سے حاصل کیا گیا ہے تو ایجنسی مجوزہ طریقہ کار سے ایسے پودوں کی اقسام کی رجسٹریشن کر سکے گا ۔

(6) ایکٹ ہذا کے مقاصد کے لئے بیج کے رجسٹر کے نام سے تمام رجسٹرڈ پودوں کے اقسام کو ایجنسی درج کر کے رکھے گی جس میں تمام خصوصیات جو بیان کردہ ہیں موجود ہوں گی ۔

(7) ایجنسی مخصوص مدت میں اور اس انداز سے جو وہ مناسب سمجھے اس مدت کے دوران رجسٹرڈ پودوں کے اقسام کی لسٹ شائع کر یگی ۔

16_ **حدود**: (1) کوئی بھی شخص نہیں کرے گا۔

(الف) بیج کا کاروبار صوبے میں نہیں کریگا جب تک کہ اسے اجازت دی جائے

(ب) صوبے میں کسی بھی قسم کے بیج /ہائبرڈ یا کسی نوع والی بیج کی درآمد ،فروخت۔فروخت کے لئے نمائش،لین دین یا سپلائی جو منظور شدہ نہ ہو کی کاشت نہیں کریگا،یا
(ج) کسی بھی قسم کے بیج/ہائبرڈ یا کسی بھی نوع کے بیج کی درآمد،فروخت،نمائش ،لین دین یا سپلائی نہیں کرے گا جو کہ مس برینڈڈ ہوں ۔
(2) تاہم کسان کو یہ حق ہے کہ وہ محفوظ کرے ،استعمال کرے ،بوئے یا دوبارہ کاشت کرے لیکن کسی قسم کے /ہائبرڈ یا کسی اور نوع کے بیج جو کہ ایکٹ ہذا کے تحت اسے تحفظ حاصل ہو کی تجارت کرنے جیسی سرگرمیوں میں ملوث نہیں ہو گا ۔
17_ **بیج کے کاروبار کرنے کے لئے رجسٹریشن**: (1) کوئی بھی شخص بیج کے کاروبار کے لئے اس صوبے میں متعلقہ فارم کے لئے درخواست جمع کر سکتا ہے ۔
(2) درخواست فارم بیان کردہ فیس کے ساتھ منسلک کی جائیگی ۔
(3) محکمہ انکوائری کرنے کے بعد جیسا کہ بیان کردہ ہے امیدوار کو رجسٹریشن مہیا کرے گا۔
(4) ہر رجسٹریشن جو کہ ایکٹ ہذا کے تحت مہیا کی گئی ہو ،رجسٹریشن کے جاری ہونے کی تاریخ سے لے کر پانچ سال تک کے لئے قابل عمل ہو گا یہاں تک کہ اس سے پہلے معطل یا منسوخ کر دیا جائے ۔
(5) ہر رجسٹریشن رکھنے والا جو کہ رجسٹریشن کی تجدیدکا خواہش مند ہو رجسٹریشن مدت ختم ہونے سے پہلے ایک درخواست تیار کرے گا اور ایجنسی کو بمعہ بتائی گئی رقم بیجھوائے گا ۔
(6) ایسی درخواست اور رقم کی وصولی ہر ایجنسی ،رجسٹریشن کو اگلے مزید پانچ سالوں کے لئے تجدید کرے گی ۔
(7) بصورت دیگر اگر درخواست رجسٹریشن کی مدت معیاد ختم ہونے کے بعد دی جاتی ہے تو رجسٹریشن کی تجدید کے لئے فی مہینہ ایک ہزار روپے اضافی وصول کئے جائیں گے یا رجسٹریشن کےایک حصے کی تجدید اضافی رقم کی وصولی پر کی جائے گی ۔
(8) رجسٹریشن کالعدم تصور ہو گی اگر۔
(الف) کوئی بھی رجسٹریشن کی احتتامی مدت کے چھ ماہ کے بعد تجدید نہیں ہو سکے گی ،
(ب) جب کوئی شخص کم از کم تین سال تک کاروبار کرنے میں ناکام رہے ،یا
(ج) ایکٹ ہذا کی تشریحات کے تحت جب فر د فراہم کردہ قواعد کی خلاف ورزی کا مرتکب قرار پائے۔
18_ **بیج کے ڈیلر کی رجسٹریشن**: (1) ایکٹ ہذا کے تحت کوئی بھی شخص بیج بیجنے کا کسی بھی جگہ تب تک مجاز نہیں ہے جب تک وہ اسے دئیے گئے لائسنس کے شرائط وقواعد پر عمل نہ کریں۔
(2) کوئی بھی شخص جس نے مجوزہ تربیت ایجنسی سے حاصل کی ہو وہ مقررکردہ فیس کی ادائیگی کے بعد لائسنس حاصل کر سکتا ہے ۔
(3) حکومت سر سری تفتیش کے بعد جیسا کہ ضروری ہو رجسٹریشن درخواست کنندہ کو جاری کر سکتی ہے۔
(4) کوئی بھی لائسنس اگر ابتدائی مراحل میں ملتوی یا منسوخ نہ کیا گیا ہو تو جاری ہو نے کی تاریخ کے تین سال بعد تک کارآمد رہ سکتا ہے ۔

(5) ہر وہ لائسنس رکھنے والا اس کے ختم ہونے کی معیاد سے پہلی اس کی تجدید کے لئے مقرر کردہ فیس کے ہمراہ حکومت کو درخواست دے سکتا ہے ۔
(6) فیس کے ہمراہ ایسی درخواست کے موصول ہونے کےبعد حکومت ایجنسی کے تجویز پر دوبارہ تین سال کے لئے لائسنس جاری کر سکتی ہے ۔
(7) بیج کا ہر فروخت کنندہ اپنی کاروباری جگہ پر اپنے پاس موجود ہ تمام بیجوں کے نرخنامے بشمول کھلنے اور بند ہونے والے ذخیروں کی روز مرہ بنیادوں پر نمایاں جہگوں پر آویزاں کریں ۔
(8) بیجوں کے ہر فروخت کنندہ کالا ئسنس ایکٹ ہذا کے کسی بھی تشریحات کی خلاف ورزی پر منسوخ کیا جا سکتا ہے ۔
19_ **بیج کے پروسیسنگ یونٹ کی رجسٹریشن**: (1) ایکٹ ہذا کے تحت کوئی بھی فرد بیجوں کی تیاری کا کارخانہ تب تک نہیں کھول سکتا جب تک وہ اس قانون کے تحت حکومت سے منظور شدہ نہ ہو
(2) محکمہ اس وقت بیجوں کی تیاری کے کارخانے کی منظوری دے سکتا ہے جب تک وہ تعمیرات ۔آلات اور ترتیب یافتہ افراد ی قوت کی موجودگی کی خصوصیات پر پورا اترے جو قواعد و ضوابط میں بیان کیا گیا ہے ۔
(3) ہر درخواست کنندہ اپنی درخواست مجوزہ طریقے اور مقرر کردہ فیس کے ہمراہ دیں۔
(4) اگر محکمہ مذکورہ درخواست کو اپنی تفتیش کے بعد موزوں قرار دے تو مذکورہ شخص کے کارخانے کو منظوری کا سر ٹیفیکیٹ دے دیا جائے گا ۔
(5) ہر کارخانہ مجوزہ وقفوں کے بعد مخصوص ساخت میں اپنی پیداوار دیگا ۔
(6) رجسٹریشن منسوخ ہو سکتی ہے اگر۔
(الف) تعمیرات اور تربیت یافتہ افراد قوت کے بارے میں بیان کردہ خصوصیات کے قواعد وضوابط میں کسی قسم کی خلاف ورزی کی جائے ،
(ب) اگر فرد ایکٹ ہذا کی کسی بھی تشریحات یا ضوابط میں کسی قسم کی خلاف ورزی کا مرتکب قرار پائے ۔
20_ **بیجوں کی تجزیاتی لیبارٹریوں کا قیام**: حکومت ایک یا زیادہ بیج کی تجزیاتی لیبا رٹریاں قائم کر سکتی ہے یا پہلے سے موجود کسی بھی حکومتی یا پر ائیویٹ لیبارٹری کو تجزیے کے لئے مجاز قرار دے سکتی ہے جہاں ہر قسم کی ورائیٹی یا دوغلی اقسام کا تجزیہ بیان کردہ اصولوں کےمطابق بیان ہو گا ۔
21_ **جنیاتی طور پر تبدیل شدہ اقسام کی رجسٹریشن**: ایکٹ ہذا میں دئیے گئے سے متصادم نہ ہوتے ہوئے اصول وضوابط کے مطابق تب تک کسی جنیاتی طور پر تبدیل شدہ بیج کی مظوری نہیں ہو گی جب تک دراخوست کے ساتھ،
(الف) درخواست کنندہ کی طرف سے یہ حلف نامہ نہ ہو جس میں واضح کیا گیا ہو کہ مذکورہ بیج میں کوئی بھی ایسا جین یا جنیاتی سلسلہ موجود ہو جس میں انضابطی ٹیکنالوجی موجود ہوں ،
(ب) جب تک درخواست کے ساتھ حکومت کی حیاتیاتی تحفظ کی کمیٹی کا تصدیق نامہ نہ ہو کہ مذکورہ بیج کسی بھی قسم کے مضر ماحولیاتی ،حیواناتی ،نباتاتی اور انسانی اثرات سے پاک ہیں۔
22_ **بارٹیکلچرل نرسریز کی رجسٹریشن**: (1) کوئی بھی شخص کسی بارٹیکلچرل نرسری کو اس وقت تک نہیں کھول سکتا جب تک وہ مقرر کردہ قواعد وضوابط کے تحت ایجنسی سے اجازت نہ لیں۔

23_ **جرائم اور جرمانے**: جب کبھی،۔
(1) ایکٹ ہذا کی کسی بھی تشریحات یا قواعد جو اس کے تحت بنائے گئے ہیں کی خلاف ورزی کرنا،
(2) درآمد کردہ ،فروخت کردہ یا ذخیرہ کردہ یا ظاہر کردہ فروخت کے لئے یا مضاربہ کے ذریعےیا مہیا کردہ کوئی بیج یا دوغلی اقسام میں ایک کو دوسرے سے بدل دیں یا ان کو غلط نام سے پیش کریں ،
(3) یا وہ درآمد ،ذخیرہ یا فروخت کریں ایسے بیج کو یا دوغلی اقسام کو جو منظور شدہ نہ ہو ،
(4) ایکٹ ہذا کے تحت کسی بھی مجاز تجز یاتی افسر کو نمونہ لینے یا معائنہ کرنے سے روکنا ،
(5) کسی بھی مجاز افسر کو اس کی طاقت کے استعمال سے روکنا جو ایکٹ ہذا کے تحت ان کو تفویض شدہ ہو سزا کا مستوجب ہو سکتا ہے ،
(الف) جارحیت کے لئے قید جو زیادہ سے زیادہ چھ ماہ لیکن تین ماہ سے کم نہ ہو اور سزائے جرمانہ پانچ سو ہزار تک بڑھا یا جا سکتا ہے لیکن یہ جرمانہ ایک سو ہزار سے کم نہیں ہو گا ،
(ب) دوبارہ کسی بھی قسم کی جارحیت کے ارتکاب پر قید کی سزا جو کہ ایک سال تک بڑھائی جاسکتی ہے جب کہ سزائے جر مانہ زیادہ سے زیادہ دس سو ہزار اور کم سے کم دوسو ہزار ہو گا ۔

**بیان اغراض ووجوہ**

مستحسن یہ ہے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین میں اٹھارویں ترمم کے تناظر میں صوبوں کو تفویض ہو نے کے بعد وفاقی بیج ایکٹ 1976ء میں ترمیم کی جائے ،لہٰذا بل ہذا پیش کیا جاتا ہے ۔